2024-11-25
Hrs 13.50

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان

Music

-----------------------------

- ★ ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات اور دیگر معاملات پر اپوزیشن کے شور و غل کی وجہ سے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دِن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔
- ★ وزیراعظم نریندرمودی نے امید ظاہر کی ہے کہ پارلیمنٹ کا موسم سرما کا اجلاس مفید رہے گا۔ وزیراعظم نے ارکان پارلیمنٹ پر زور دیا ہے کہ عالمی سطح پر بھارت کی ساکھ کو مستحکم بنانے کیلئے اِس اجلاس کا استعمال کریں۔
- ★ وزیراعظم آج شام نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں ICA امداد باہمی عالمی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔
- ★ امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ امداد باہمی تحریک میں بھارت ایک سرکردہ ملک کے طور پر اُبھرا ہے۔
- ★ اورکرکٹ میں، بھارت نے پرتھ میں کھیلے گئے پہلے ٹسٹ میچ میں آسٹریلیا کو 295 رَن سے کراری شکست دی ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے...

RS Adjourn

ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات اور دیگر معاملات پر اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی کے تناظر میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی دِن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی ہے۔ پہلی بار ملتوی کیے جانے کے بعد جب پونے12 بجے راجیہ سبھا کی کارروائی پھر شروع ہوئی تو چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے اپوزیشن ارکان پر زور دیا کہ وہ ایوان میں معمول کا کام کاج ہونے دیں۔ جب شور و غل ہوتا رہا تو انھوں نے ایوان کی کارروائی دِن بھر کیلئے ملتوی کردی۔ اِس سے پہلے پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس کے پہلے دِن آج صبح جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے مذکورہ کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات، منی پور میں تشدد کے واقعات اور دیگر معاملات پر اپوزیشن کے ارکان کی جانب سے دیئے گئے التویٰ کے نوٹس مسترد کردیئے۔چیئرمین موصوف نے کہا کہ یہ نوٹس اُس ہدایت سے مطابقت نہیں رکھتے، جو صدر نشین اِس سے پہلے دے چکے ہیں۔جناب دھنکھڑ نے کہا کہ یہ اجلاس ایسے وقت ہورہا ہے کہ جب آئین کو اختیار کیے جانے کے 75 سال ہورہے ہیں۔ انھوں نے ارکان پر زور دیا کہ وہ عوام کی امنگیں پوری کرنے کی خاطر مثالی اعلیٰ ترین معیارات اپنائیں۔ اِدھر اپوزیشن کے لیڈر ملکارجن کھڑگے نے مذکورہ کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات کے معاملے پر بولنے کی کوشش کی، لیکن انہیں اِس کی اجازت نہیں دی گئی۔ اِس کے بعد کانگریس، ڈی ایم کے، آر جے ڈی، عام آدمی پارٹی، بائیں بازو کی پارٹیوں اور دیگر ارکان نے ایوان میں شور وغل کیا اور کارروائی دِن میں پونے بارہ بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔لوک سبھا میں پہلی بار ملتوی کیے جانے کے بعد کارروائی جب دِن میں بارہ بجے دوبارہ شروع ہوئی تو کانگریس، سماجوادی پارٹی، ڈی ایم کے اور دیگر پارٹیوں کے ارکان

مختلف معاملات پر شوروغل کرنے لگے۔ اِن میں ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات اور اترپردیش کے سنبھل میں مبینہ تشدد کا معاملہ بھی شامل تھا۔ ہنگامہ آرائی کے تناظر میں صدر نشیں نے ایوان کی کارروائی دِن بھر کیلئے ملتوی کردی۔ اِس سے قبل اجلاس کے پہلے دِن جب لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو ایوان میں دو ارکان کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اِن میں وسنت راؤ چوان اور شیخ نورالاسلام شامل ہیں، جن کا حال ہی میں انتقال ہوا ہے۔ایوان میں تین سابق ارکان کے بارے میں تعزیتی پیغام بھی پڑھ کر سنایا گیا۔اِدھر راجیہ سبھا میں بھی اُن چھ سابق ارکان کو خراج عقیدت پیش کیا گیا،جن کا حال ہی میں انتقال ہوا ہے۔دونوں ایوانوں کی کارروائی اَب بدھ کے روز ہوگی۔

Cong BJP Parliament

آج بی جے پی نے پارلیمنٹ کے موسم سرما کے اجلاس کے پہلے دن دونوں ایوانوں کی کارروائی میں اپوزیشن کی جانب سے رخنہ ڈالنے پر اُس کی شدید نکتہ چینی کی ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے سینئر رہنما روی شنکر پرساد نے الزام لگایا کہ مہاراشٹر اسمبلی انتخابات میں شکست کے بعد سے اپوزیشن بوکھلائی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کا طرز عمل نامناسب ہے۔دوسری جانب کانگریس کے جنرل سکریٹری کے سی وینوگوپال نے کہا کہ ایک خاص گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے الزامات اُن اہم معاملات میں شامل ہیں جن پر پارلیمنٹ میں بحث ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ اِس طرح کے معاملات اٹھانے کا ایک فورم ہے۔

PM - Parliamen

وزیراعظم نریندرمودی نے امید ظاہرکی ہے کہ پارلیمنٹ کا موسم سرما کا اجلاس مفید رہے گا اور اِس میں بھر پور انداز سے تعمیری بحث مباحثہ ہوگا۔ پارلیمنٹ کے اجلاس سے قبل میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ موسم سرما کا اجلاس کئی وجوہات سے خاص ہے۔ اِن میں آئین کو اختیار کیے جانے کے 75 ویں سال کی شروعات بھی شامل ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ یہ جمہوریت کے لیے ایک شاندار سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اپوزیشن کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ مٹھی بھر لوگ بدنظمی پیدا کرکے پارلیمنٹ کو کنٹرول کرنے کی کوشش کررہے ہیں، جنہیں عوام مسترد کرچکے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ پارلیمنٹ کے وقت کو عالمی سطح پر بھارت کے عزت و وقار کو مزید بڑھانے کیلئے بروئے کار لایاجانا چاہئے۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک کو آج اِس طرح کے جو موقعے ملے ہیں، وہ عالمی منظر نامے پر کم ہی ہوتے ہیں اور ہمیں بھرپور انداز سے اِن سے فائدہ حاصل کرنا چاہئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کی پارلیمنٹ سے یہ پیغام جانا چاہئے کہ ملک کے رائے دہندگان، جمہوریت کے تئیں اُن کا عہد، آئین کے تئیں اُن کا پختہ عزم اور پارلیمانی طور طریقوں میں اُن کا بھروسہ بامقصد ہے اور ہمیں موقعے کی مناسبت سے کام کرنا چاہئے۔x

PM - Co-Operative Conferance

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں بھارت منڈپم میں، امداد باہمی کی ICA کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ امداد باہمی کے بین الاقوامی اتحاد ICA کی 130 سال کی تاریخ میں ایسا پہلی بار ہے کہ بھارت میں، امداد باہمی کی کسی عالمی کانفرنس اور جنرل اسمبلی کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اِس دوران جناب مودی، امداد باہمی اداروں کے بین الاقوامی سال 2024-25 کے موقع پر ایک یادگاری ٹکٹ جاری کریں گے۔

بھوٹان کے وزیر اعظم داشو شیرِنگ توبگے اور فجی کے نائب وزیر اعظم موناؤ کامی کامیکا بھی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ ہمارے نامہ نگارے نے بتایا ہے کہ عالمی کانفرنس کی میزبانی، اِنڈین فارمرس فرٹیلائزر کوآپریٹیو لمیٹیڈ، ICA اور بھارتی حکومت، بھارت کے امداد باہمی کے اداروں AMUL اور KRIBHCO کے ساتھ مل کر کررہا ہے۔

امداد باہمی کے بین الاقوامی اتحاد کی بنیاد 1895 میں رکھی گئی تھی۔ یہ اتحاد، عالمی سطح پر امداد باہمی کے 30 لاکھ اداروں کی نمائندگی کرتا ہے اور یہ ادارہ، امداد باہمی کے ایک ارب سے زیادہ ارکان پر مشتمل ہے۔ بھارت منڈپم میں اِس 6 روزہ کانفرنس میں بہت سی تقریبات اور بحث مباحثے کیلئے پوری دنیا کے امداد باہمی کے ادارے یکجا ہوں گے۔ امید ہے کہ اس تقریب میں لگ بھگ 3 ہزار غیر ملکی اور بھارتی وفود شرکت کریں گے۔ کانفرنس میں سبھی کیلئے ایک اجتماعی، پُر امن اور خوشحال مستقبل کی تعمیر میں امداد باہمی کے اداروں کے رول پر غور و خوض کیا جائے گا۔ کانفرنس کا موضوع ہے ”امداد باہمی کے ادارے سبھی کیلئے خوشحالی لاتے ہیں“۔

Shah Cooperative

امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت امداد باہمی سے متعلق تحریک میں ایک عالمی رہنما بن کر ابھرا ہے۔ ایک قومی روزنامے میں ایک مضمون میں جناب شاہ نے کہا کہ امداد باہمی شعبہ آگے بڑھتے ہوئے افراد کو نہ صرف اقتصادی طور پر مستحکم کرتا ہے بلکہ اُنہیں براہ راست معیشت سے بھی مربوط کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کے سہکار سے سمردھی منتر کا مقصد ملک کے امداد باہمی کے اداروں کو فعال اور خودکفیل بنانا ہے۔

SAMVIDHAN PADYATRA

نوجوانوں کے اُمور اور کھیلوں کے محکمے کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے آج نئی دلّی میں ”ہمارا سمویدھان، ہمارا سوابھیمان“ پدیاترا میں حصہ لیا۔ پدیاترا کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب مانڈویہ نے کہا کہ نوجوانوں کے جوش و خروش سے اِس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ ملک 2047 تک وِکست بھارت بن جائے گا۔

کَل یوم آئین سے قبل بھارتی آئین نافذ کیے جانے کا جشن منانے اور اِس کے بانی ارکان کے نظریئے کی عزت افزائی کیلئے پدیاترا کا اہتمام کیاگیا، جو بھارت کے جمہوریت کے سفر میں ایک نمایاں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

پیوش گوئل، ارجن رام میگھوال، کرن ریجیجو، گجیندر سنگھ شیخاوت اور Raksha Khadse سمیت دیگر مرکزی وزیر، ارکان پارلیمنٹ اور اولمپک کھیلوں میں حصہ لینے والے کھلاڑی بھی پدیاترا میں شامل ہوئے۔ MY Bharat، نہرو یُووا کیندر سنگٹھن، نیشنل سوشل سروس، نیشنل کیڈٹ کور اور بھارت Scouts کے رضاکاروں اور گائڈس نے بھی پدیاترا میں حصہ لیا۔x

Modi Guyana Prez

وزیراعظم نریندر مودی نے آج ایک پیڑ ماں کے نام پہل کی حمایت کرنے کے لیے گیانا کے صدر ڈاکٹر عرفان علی کا شکریہ ادا کیا ہے۔ جناب مودی نے من کی بات کے کَل کے نشریے میں گیانا میں آباد بھارتی برادری کے لیے اُن کے لگاؤ کو دوہرایا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اُن کے تعاون کو ہمیشہ احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

President Visit Tamil Nadu

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو بدھ کے روز سے تملناڈو کا تین روزہ دورہ کریں گی۔جمعرات کو وہ Wellington Ooty میں دفاعی افواج اسٹاف کالج کی ایک تقریب میں شرکت کریں گی۔ ریاست میں صدر جمہوریہ کے استقبال کے لیے تیاریاں کی جارہی ہیں۔ وہ جمعہ کے روز Nilgiris میں قبائلیوں سے بات چیت کریں گی۔ ہفتے کے روز صدر جمہوریہ کوئمبٹور کے لیے روانہ ہوں گی جہاں سے وہ Tiruvarur میں تملناڈو کی سینٹرل یونیورسٹی کی تقسیم اسناد تقریب میں شامل ہونے کے لیے جائیں گی۔

Vaishnaw Railwy Employees

ریلوے کے وزیراشونی ویشنو آج مہاراشٹر کے ناگپور میں Ajani ریلوے گراؤنڈ پر درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبیلوں کی آل انڈیا ملازمین انجمن کے قومی کنونشن سے خطاب کرنے والے ہیں۔ کووڈ 19 عالمی وبا کی وجہ سے پچھلے پانچ سال سے اِس تنظیم کا قومی کنونشن اور سالانہ جنرل میٹنگ نہیں ہوسکی تھی۔ لہٰذا مذکورہ انجمن نے کَل منائے جانے والے یوم آئین کے تناظر میں اِس سال ناگپور میں قومی کنونشن شاندار انداز سے منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔x

Cricket India Vs Aust

کرکٹ میں پرتھ میں بارڈر-گواسکر ٹرافی کے پہلے ٹسٹ میچ میں بھارت نے آسٹریلیا کو 295 رن سے کراری شکست دی ہے۔ بھارت نے آسٹریلیا کو جیت کے لیے 534 رن کا نشانہ دیا تھا لیکن اُس کی پوری ٹیم دوسری اننگز میں 238 رن پر آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کے لیے جسپریت بمراہ اور محمد سراج دونوں نے تین-تین وکٹ حاصل کیے۔

جسپریت بمراہ کو پلیئر آف دی میچ سے نوازا گیا۔

Basketball FIBA

باسکٹ بال میں آج شام چنئی کے نہرو انڈور اسٹیڈیم میں FIBA ایشیا کپ کے کوالیفائنگ مقابلے میں مردوں کی بھارتی ٹیم کا سامنا قزاخستان سے ہوگا۔ یہ میچ شام چھ بجے سے کھیلا جائے گا۔ اب تک بھارت تین میچ ہار چکا ہے اور اپنے کوالیفائنگ گروپ میں سب سے نیچے ہے اور اگر بھارت قزاخستان سے میچ ہار جاتا ہے تو آئندہ برس  سعودی عرب میں ہونے والے ٹورنامنٹ کے فائنل میں جگہ پکی کرنے کی اُس کی امیدیں ختم ہوجائیں گی۔

★★★★★